جاپان میں غیر ملکی باشندوں کے لئے پوائنٹس سسٹم

تحریر : علی ، سائتاما

حکومت جاپان ، غیر ملکیوں کے رہائشی پرمٹ میں توسیع اور دوسرے متعلقہ معاملات میں ، پیشہ ور ماہرین کو ترجیح دینے کے لئے پوائنٹس سسٹم نافذ کرنے پر غور کر رہی ہے - حکومت کا ارادہ ہے کہ غیر ملکی باشندوں کو ان کی تعلیمی قابلیت ، پیشہ ورانہ مہارت ، تحقیقی نتائج ، اور اسی طرح کی دوسری اضافی قابلیتوں کے لحاظ سے پوائنٹس دئے جائیں ، اور ان پوانٹس کے لحاظ سے سہولیات فراہم کی جائیں - جب ان غیرملکیوں کے پوائنٹس ایک خاص حد عبور کر جائیں ، تو ان کی سہولیات اور مراعات میں اضافہ کر دیا جائے - انجینیرز وغیرہ جیسے پیشہ ور ماہرین کے درمیان ، بین الاقوامی مسابقت میں اضافے کے تناظر میں مذکورہ پوانٹس سسٹم ، موجودہ ویزا نظام کو بہتر بنانے کے پروگرام کا حصہ ہوگا - وزارت انصاف کا ایک پینل ، جلد ہی اس نظام کے عملی نفاذ کے لئے بحث و مباحثے کا آغاز کرے گا -

امید کی جارہی ہے کہ نئے نظام کے تحت حکومت ، رہائشی پرمٹ اور ویزے کی مدت کے دوران جاپان میں دوبارہ داخلے کے طریقہ کار کو آسان بنائے گی - اس کے علاوہ ، رہائشی پرمٹ کی مدت کو تین سال سے بڑھانے ، اور مستقل رہائش کے لئے درکار ، دس سال کی مدت کو کم کرنے پر بھی غور کیا جائے گا -

وزارت انصاف ، تجارت صنعت اور معیشت کی وزارتوں کے تعاون سے اس بات کا فیصلہ کرے گی ، کہ کون کونسی ملازمتوں کو نئے نظام کے تحت لایا جائے -